# 28-02-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے اندر سائنسی جذبہ پیدا کریں اور ملک میں فراہم کئے جارہے بین الاقوامی سطح کے انفرا اسٹرکچر کا بہترین استعمال کرتے ہوئے جدید تکنالوجیوں میں مہارت حاصل کریں۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مرکز پر زور دیا کہ وہ حیدرآباد۔بنگلور کو دفاعی صنعتی کاریڈور قرار دے۔

۳۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور مینارٹی کارپوریشنس کے ذریعہ خودروزگار اسکیموں پرعمل آوری کو اولین ترجیح دے گی۔

اور

۴۔نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر 2 مارچ کو تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔

## ANOUNCEMENT

آکاش وانی حیدرآباد سنٹر علاقائی نیوز یونٹ کو جزوقتی بنیاد پر اردو نیوز ایڈیٹرس اور اردو نیوز ریڈرس کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔انہیں مہینہ میں زیادہ سے زیادہ 6 دن کام کرنا ہوگا۔امیدواروں کی عمر 21 تا 50 سال کے درمیان ہونی چاہئے۔ان میں تلگو اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کی قابلیت ہونی چاہئے۔دلچسپی رکھنے والے امیدوار مزید تفصیلات newsonair.gov.in پر حاصل کرسکتے ہیں۔درخواستیں اپنی اسناد اور دو پاسپورٹ سائز تصاویر کے ساتھ ہیڈ آفس آکاش وانی سیف آباد، حیدرآباد 500004 پر روانہ کی جاسکتی ہیں۔درخواستیں پیش کرنے کی آخری تاریخ 10 مارچ ہے۔

## TELANGANA - VIGNAN VAIBHAV 2025:

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے اندر سائنسی جذبہ پیدا کریں اور ملک میں فراہم کئے جارہے بین الاقوامی سطح کے انفرا اسٹرکچر کا بہترین استعمال کرتے ہوئے جدید تکنالوجیوں میں مہارت حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک کی سلامتی کے لئے جدید تکنالوجی کے استعمال کے عہد کی پابند ہے۔حیدرآباد کے گچی باؤلی اسٹیڈیم میں آج وگیان ویبھو 2025ء کا افتتاح کرنے کے بعد طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے انسانیت کی مجموعی ترقی کے لئے سائنس کے اہم رول پر زور دیا۔

انہوں نے کہا کہ ملک مشکل حالات میں اسی وقت مضبوط اور محفوظ رہ سکتا ہے، جب اس کے پاس تکنالوجی کے نازک چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے حل موجود ہوں۔اس موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ ملک کے تحفظ کی ذمہ داری نوجوانوں پر ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست تلنگانہ اور شہر حیدرآباد کئی دہائیوں سے ملک کے دفاعی شعبہ میں اہم رول ادا کررہے ہیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ دفاعی شعبہ کے لئے زیادہ انجینئرس پیدا کرنا ضروری ہے۔انہوں نے مرکز پر زور دیا کہ وہ حیدرآباد۔بنگلور کو دفاعی صنعتی کوریڈور قرار دے کیونکہ ان دوشہروں میں کثیر تعداد میں دفاعی صنعتیں موجود ہیں۔

اس موقع پر ایروناٹیکل سوسائٹی آف انڈیا کے صدر ڈاکٹر ستیش ریڈی نے ملک کو ترقی یافتہ بنانے کے لئے ایجادات کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ڈی آر ڈی او ایروناٹیکل سوسائٹی آف انڈیا اور کلام انسٹیٹیوٹ آف یوتھ اکسلنس نے مشترکہ طور پر نیشنل سائنس ڈے کے موقع پر وگیان ویبھو کا اہتمام کیا۔اس پروگرام میں پالیسی ساز، سائنسدان، صنعتی قائدین، ماہرین تعلیم اور نوجوان محققین ایک جگہ جمع ہوئے ہیں۔وہ دفاعی شعبہ میں حالیہ کامیابیوں پر تبادلہ خیال کررہے ہیں۔ ایک ایسے وقت جبکہ بھارت، وکست بھارت 2047ء کی طرف بڑھ رہا ہے، یہ بات قابل ذکر ہے کہ خود انحصاری کا راستہ سائنسی مہارت، ایجادات اور تال میل سے ہی ہموار ہوگا۔ڈی آر ڈی او کے چیرمین اور ڈیفنس سکریٹری آر اینڈ ڈی ڈاکٹر سمیر وی کامت، ڈی آر ڈی او کے ڈائرکٹر جنرلس اور ڈائرکٹرس اور صنعتوں کے سربراہان اس پروگرام میں شرکت کررہے ہیں۔اس نمائش میں تقریباً 30 ہزار طلبہ نے شرکت کی۔

WARANGAL:

ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں 40 ریلوے اسٹیشنوں کو امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت 2737 کروڑ روپے کی لاگت سے ترقی دی جارہی ہے۔ان اسٹیشنوں پر مسافرین کے لئے جدید سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں اور ان اسٹیشنوں کو ترقی کے مراکز میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے ایک بیان میں کہا کہ ان 40 ریلوے اسٹیشنوں میں ورنگل ریلوے اسٹیشن بھی شامل ہے جو آمدورفت کا ایک اہم مرکز ہے۔ملک بھر میں اے بی ایس ایس کے تحت ریلوے اسٹیشن کو ترقی دی جارہی ہے۔ ورنگل ریلوے اسٹیشن کو 25.41 کروڑ روپے لاگت سے ترقی دی جارہی ہے۔

VISIT:

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر 2 مارچ کو تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔ اپنے مختصر دورہ میں وہ آئی آئی ٹی حیدرآباد جائیں گے جہاں وہ طلبہ اور اساتذہ کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے آج ایک سرکاری بیان میں یہ بات کہی گئی۔ وہ حیدرآباد میں ایک نجی پروگرام میں بھی شرکت کریں گے اور اسی دن نئی دہلی لوٹ جائیں گے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے آج اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس میں نائب صدر کے دورہ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

DEPUTY CM:

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور میناریٹی کارپوریشنس کے ذریعہ خودروزگار اسکیموں پر عمل آوری کو اولین ترجیح دے گی۔ انہوں نے آج بینک عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس میں کہا کہ ریاستی حکومت سبسیڈی اور مارجن منی دینے کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے بینکرس سے کہا کہ وہ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے آگے آئیں۔ ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی 2 مارچ کو ونپرتی میں بینکرس کے ساتھ مل کر تقریباً 6 ہزار کروڑ روپے مالیت کی خودروزگار اسکیموں کا افتتاح کریں گے۔ ریاستی حکومت اس دن خودروزگار اسکیموں اور فلاحی اسکیموں کے تحت امداد اور اثاثہ جات کی تقسیم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ خودروزگار کی اسکیموں سے ریاست کے جی ڈی پی میں اضافہ ہوگا۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ میں بینکرس کا اہم رول ہے اور ریاستی حکومت نے عالمی توجہ حاصل کرنے کے لئے منصوبے بنائے ہیں۔

MGNREGA

ورنگل کی ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیہ شاردا نے مہا گاندھی قومی دیہی ضامن روزگار اسکیم کے تحت آج دوگنڈی منڈل کے چاپالا بنڈہ گاؤں میں انجام دئے جارہے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اِس اسکیم کے تحت کام کررہے مزدوروں سے بات چیت کی اور ان کے مسائل دریافت کئے۔ انہوں نے ان مزدوروں کو کام کے مقام پر فراہم کی جارہی سہولتوں کا بھی جائزہ لیا۔ اس پروگرام میں ڈی آر ڈی او، کوشلیا دیوی اور زیڈ پی سی او، رامی ریڈی اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔

Volleyball

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے دموگوڑم میں محکمہ پولیس کے زیر اہتمام آج سے 4 دن تک منعقد کئے جارہے منڈل کی سطح کے والیوال مقابلوں کا ضلع کے ایس پی روہیت راجو نے افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ایجنسی علاقوں کے نوجوانوں کو چاہئے کہ وہ تعلیم کے ساتھ کھیلوں میں بھی مہارت حاصل کریں اوراس علاقہ کا نام روشن کریں۔انہوں نے کہا کہ دموگوڑم منڈل میں ایجنسی علاقوں کے نوجوانوں کے لئے محکمہ پولیس دوکروڑ روپے کی لاگت سے ایک اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اسپورٹس کمپلیکس کا جلد افتتاح کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں منعقدہ انڈر 19 ویمنس کرکٹ ورلڈ کپ میں شاندار مظاہرہ کرنے والی گونگڑی تریشا کا تعلق بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے ایجنسی علاقہ سے ہے اور یہ ہم سب کے لئے فخر کی بات ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ کھلاڑی تریشا کی طرح اپنے علاقہ کا نام روشن کریں گے۔انہوں نے سائبر جرائم کے بارے میں چوکس رہنے کی ضرورت پر زور دیا۔

TGNPDCL

تلنگانہ کے پرنسپل سکریٹری برائے توانائی سندیپ کمار سلطانیہ نے جاریہ ربیع سیزن اور موسم گرما کے دوران برقی کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لئے تلنگانہ ناردرن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹڈ کے سمر ایکشن پلان پر عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے انجینئرس سے کہا کہ وہ آئندہ چندمہینوں تک زیادہ چوکس رہیں، کیونکہ برقی کی اعظم ترین مانگ 17500 میگاواٹ سے تجاوز کرنے کا امکان ہے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ انجینئرس موسم گرما کے دوران برقی کی مانگ کو پورا کرنے اور کسی بھی تکنیکی مسئلہ سے نمٹنے کے لئے تیار رہیں۔

Rajanna Sircilla

نیشنل سائنس ڈے کے موقع پر آج راجنا سرسلہ ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں میں سائنسی نمائش کا اہتمام کیا جارہا ہے۔اس موقع پر سرکاری اسکولوں میں زیر تعلیم طلبہ کے سائنسی تجربات کی نمائش کی جارہی ہے۔اِس دوران سنگاریڈی کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر وینکٹیشورلو نے طلبہ میں سائنس اور تحقیق کے تعلق سے بیداری میں اضافہ کی اہمیت پر زور دیا۔نیشنل سائنس ڈے کے موقع پر طلبہ نے سرسی وی رامن سائنس میوزیم کا دورہ کیا۔

Market Yard

جوگولامبا گدوال ضلع کے عالم پور حلقہ میں مارکٹ یارڈ کے وائس چیرمین پی کمار نے کسانوں کی جانب سے اگائی گئی دالوں کا مشاہدہ کیا۔انہوں نے کہا کہ مسور دال کے لئے اقل ترین امدادی قیمت کے مطابق حکومت فی کنٹل 7550 روپے ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مسور دال کی جملہ پیداوار کو خریدے گی۔انہوں نے کسانوں سے کہا کہ وہ درمیانی افراد کے ہاتھوں استحصال کا شکار نہ ہوں۔

○○